مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، بازار میں پارہ عم قرآنی آیات کے نام سے فروخت ہو رہا ہے، جس میں چھوٹی سورتیں پہلے اور بڑی سورتیں بعد میں درج ہیں، مسجد اور مدارس میں جو بچے قرآن مجید ناظرہ پڑھتے ہیں، قاری صاحبان بچوں کی آسانی کی خاطر چھوٹی سورتوں سے شروع کرواتے ہیں، کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ اس طرح سے پارہ عم پڑھنے کی ترتیب بدل جاتی ہے، لہذا ایسی صورت میں اس کا نام "قرآنی آیات" یا "قرآنی سورتیں" ہونا چاہیے، برائے مہربانی اس صورت میں آپ نام تجویز فرمائیں۔

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروز پور لاہور پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ قرآن مجید کی آیات و سورتوں کی ترتیب پر بہت سی نصوص اور اجماع ایک معلوم و مشہور معاملہ ہے، قرآن مجید میں سورتوں کی ترتیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے توقیفی اور ان کے حکم سے ہیں، جس میں مسلمانوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔ لہذا صورت مسئولہ میں اگر پارہ عم کی سورتوں کو قرآنی ترتیب سے ہٹ کر لکھا گیا ہے، تو اس کو پارہ عم کا نام دینے کی بجائے "قرآنی سورتیں" کا نام دیا جائے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۰۲/ربیع الثانی/۱۴۴۴ھ

29/اکتوبر/2022ء

الجواب صحیح
شاہد [illegible]

الجواب صحیح
[illegible]
۱۴۴۴/۳/۰۲ھ
۲۰۲۲/۱۰/۲۹

دار الافتاء
رقم الافتاء: 74/148
التاریخ: 29/10/2022
الجامعۃ الاشرفیۃ شارع فیروز پور لاہور

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروز پور لاہور پاکستان